پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

۸ شعبان ۱۴۰۸ھ ۔ ۲۵ اپریل ۱۹۸۸ء

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۴ ۔ شمارہ نمبر ۴

کراچی میں مزید ہنگامے ۰ پولیس فائرنگ ۰ فوج طلب کر لی گئی

حادثے میں دو طالبات کی ہلاکت کے خلاف طلبا کا احتجاج مظاہرین نے سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کر دیں بینکوں اور گاڑیوں کو آگ

سب سے زیادہ ہنگامے مشرقی علاقے میں ہوئے، تعلیمی ادارے بند ۱۰۰ افراد گرفتار

کراچی (ـــــــ) مشتعل ہجوم پولیس کی فائرنگ اور [illegible]

[illegible]

تمام تعلیمی ادارے بند کر دیئے گئے ہیں [illegible]

[illegible]



صاحبزادہ یعقوب



ڈاکٹر محبوب الحق



حامد ناصر چٹھہ



یوسف رضا گیلانی



محی الدین بلوچ



حاجی حنیف طیب



زین نورانی



اسلام الدین شیخ



خطیب عنایت اللہ



ڈاکٹر ایم اے قاضی

وفاقی وزراء کے نام اور ان کے محکمے


وفاقی وزراء		عبدالغفور ہوتی	[illegible]
سلیم سیف اللہ	تجارت	میر ظفر اللہ جمالی	پانی و بجلی
شہزادہ محی الدین	مواصلات	وزرائے مملکت	
ڈاکٹر محبوب الحق	خزانہ و منصوبہ بندی	[illegible]	خوراک و زراعت
صاحبزادہ یعقوب	امور خارجہ	[illegible]	[illegible]
سید یوسف رضا گیلانی	ہاؤسنگ و تعمیرات	[illegible]	محنت و افرادی قوت
ظفر علی شاہ	صنعت	ڈاکٹر عطیہ عنایت اللہ	بہبود آبادی
حامد ناصر چٹھہ	اطلاعات و نشریات	اسلام الدین شیخ	پیداوار
اقبال احمد خان	انصاف و پارلیمانی امور	مقبول احمد	مذہبی و اقلیتی امور
حاجی حنیف طیب	محنت و افرادی قوت، امور سمندر پار پاکستانیوں کے امور	سید قاسم شاہ	سرحدی علاقہ جات امور، کشمیر و شمالی علاقہ جات
		مشیر	
غلام احمد مانیکا	جدید دیہی ترقی	غلام محمد خان مہر	امور داخلہ مشیر
خاقان عباسی	پیداوار	ڈاکٹر ایم اے قاضی	امور داخلہ مشیر

صاحبزادہ یعقوب وزیر خارجہ، ڈاکٹر محبوب الحق وزیر خزانہ اور حامد ناصر چٹھہ وزیر اطلاعات و نشریات ہونگے

سردار غلام مہر اور ڈاکٹر ایم اے قاضی کو مشیر مقرر کر دیا گیا

راولپنڈی (ـــــــ) ۔ صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے [illegible]

[illegible]



غلام محمد مہر

[illegible]

صدر ضیاء سے قمرو کمشن سنہا کی ملاقات

راولپنڈی (ـــــــ) صدر جنرل محمد ضیاء الحق [illegible]

میں پاکستان واپس جاؤں گا ۔ کھر

[illegible]

کراچی میں ہنگاموں کے ذمہ دار عناصر سزا سے نہیں بچ سکیں گے ۔ وزیر اعلیٰ غوث

عدالتی تحقیقات شروع ہو گئی ہے ایک دو ہفتہ میں فیصلہ سامنے آ جائے گا

کراچی (ـــــــ) [illegible]

مارشل لاء کے خاتمے کے بعد صوبوں میں سول گورنر مقرر کئے جائیں گے

صوبائی خود مختاری کا مسئلہ نہ تنازعہ ہے ۔ مارشل لاء محض چند ماہ کا ہے ۔ ناصر چٹھہ

لاہور (ـــــــ) [illegible]

جتوئی نے اراکین پارلیمنٹ کو ۱۴ نکاتی لائحہ عمل دے دیا

ان مقاصد میں ناکامی ہوئی تو از سر نو انتخابات کا مطالبہ کیا جائے گا اور نیا آئین بنایا جائے گا

مجھے کئی مرتبہ وزارت عظمیٰ کی پیشکش کی گئی

نواز شریف پنجاب کے ۱۶ ویں وزیر اعلیٰ ہیں

سیکرٹری اطلاعات مجیب الرحمن کو فوج میں واپس بھیج دیا گیا

وزیر اعظم سیکرٹریٹ کے الطاف ہاشمی تاحکم ثانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات رہیں گے

بھٹو کی چھٹی برسی پر سری نگر میں ۵ افراد گرفتار

سعودی شہزادہ
سکاٹ لینڈ یارڈ کے کیس میں پھنس گیا

شوہر یا محرم کے بغیر مسلم خواتین کو سعودی عرب میں داخلہ نہیں ملے گا

میاں طفیل نے استعفیٰ دے دیا

مولانا کوثر نیازی اہل پنجاب پر برس پڑے

مولانا جان محمد عباسی کو امیر جماعت نامزد کئے جانے کا امکان

ممتاز بھٹو کراچی جائیں گے

مارشل لاء کے خاتمے کا نام جمہوریت صرف فضا کو ہی ہے
— ملک نیازی

بشریٰ زیدی کو سپرد خاک کر دیا گیا

جماعت اسلامی نے زخمی طالبات کی عیادت کی

ٹکا خان، ملک قاسم، رانا شوکت اور ملک حاکمین خان رہا کر دیئے گئے

جگجیت سنگھ چوہان نے کشمیریوں کی حمایت کی ہے

نواز شریف میرے دوست ہیں، پیر پگارا

پیر صاحب پگارا نے ... سے حلف اٹھا لیا

پندرہ روزہ
الہلال
سوانسی ، سکاٹ لینڈ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

سود

سود کے بارے میں جناب اقبال یونس خان کے ایک خط نے (الہلال ۔ اشاعت ۲۵ فروری ۱۹۸۸ء) ہماری ایک دکھتی رگ کو چھیڑا ہے ۔ اشاعت کے گذشتہ چودہ سالوں میں بہت کم کسی ایک مسئلے پر اتنے خطوط اور فون کال وصول ہوئے ہیں ۔ مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر اپنی کم مائیگی اور کم علمی کے باوجود اس موضوع پر قلم اٹھانے کی جسارت کی جا رہی ہے ۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جس قدر سخت الفاظ سود کے خلاف فرمائے ہیں شاید کسی اور گناہ کے لیے نہیں ۔ اہل ایمان صرف اس بناء پر سود سے باز رہے کہ خدا نے اسے مطلقاً حرام کیا ہے ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

" سود اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس کو اگر ستر اجزاء میں تقسیم کیا جائے تو ایک ہلکے سے ہلکا جزو اس گناہ کے برابر ہو گا کہ ایک آدمی اپنی ماں کے ساتھ زنا کرے ۔ " (ابن ماجہ ، بیہقی)

سوال یہ ہے کہ کیا اس غیر اسلامی معاشرے میں جہاں اپنی پسند سے ہم لوگ رہتے ہیں سود سے بچاؤ اتنا ہی لازمی ہے جتنا کہ اسلامی معاشرے میں ؟

حنفی اور جعفری مکاتیب فکر کے کچھ علماء کے مطابق دار الحرب میں سود لینا جائز اور طیب ہے ۔ مگر امام ابو یوسف ؒ ، امام مالک ؒ ، امام شافعی ؒ اور امام احمد بن حنبل ؒ جیسے جلیل القدر مجتہدین نے ان سے اتفاق نہیں کیا ۔

اسلام مسلمان کو آزاد تصور کرتا ہے مگر جب ایک مسلمان غیر اسلامی حکومت میں امن کی ضمانت لے کر داخل ہوتا ہے تو وہاں کے مروجہ قوانین کی پابندی اور احترام اس پر لازم ہوتا ہے ۔ سودی لین دین یہاں کی سرکار کے مطابق جائز ہے اور اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ ہم دار الحرب میں ہیں (جس ملک کی اسلام کے خلاف جنگ ہو) تو کیا سود جیسی حرام شئے ہم پر جائز ہے ؟ اگر ایسا ہی ہے تو کیا شراب، سٹہ کا کاروبار اور غیر مسلموں سے ایک عورت کا زنا کی اجرت لینا بھی جائز ہو گا ؟

ہمارے نزدیک الربٰو اور سود میں کوئی فرق نہیں ہے اور نہ ہی مہاجن کے سود اور بینک کے سود میں کوئی فرق ہے ۔ بینک کے سود میں کراہت کا ایک اور پہلو یہ بھی ہے کہ وہاں بطور امانت رکھا ہوا مال سودی قرض پر دیا جاتا ہے ۔

مغربی پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر آج کل مسلمان بھی ، جنہیں دنیا میں سود کا سب سے بڑا دشمن ہونا چاہیئے تھا ، اس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے ہیں کہ سود کوئی قابل اعتراض چیز نہیں ہے ۔ یہ سود ہی کا لالچ ہے کہ سعودی عرب اور خلیج فارس کی عرب امارات کے شیوخ کا تقریباً ایک ہزار بلین ڈالر امریکہ اور یورپ کے یہودی بینکوں میں پڑا سود کما رہا ہے ۔ محتاط اندازے کے مطابق ملت اسلامیہ کی خداداد دولت پر ایک لاکھ بیس بلین ڈالر سالانہ سود حاصل کیا جاتا ہے ۔ کیا یہ ظلم کی انتہا نہیں ہے کہ حرمین کے محافظ انسانی تاریخ کے سب سے بڑے سود خور ہیں اور ملت مسلمہ کا پیسہ اسلام کو مٹانے کیلئے استعمال ہو رہا ہے ۔!

آج اگر ہم نے اسلامی معیشت کے تحت یہاں اپنے ادارے نہ بنائے تو کچھ عرصے کے بعد اس غیر اسلامی نظام میں جذب ہو کر رہ جائیں گے ۔ ویلز نوٹ میں جناب پرویز نسیم اور ان کے ساتھیوں کی مخلصانہ کوششوں سے اسلامی امداد باہمی اور قرض حسنہ کے اصولوں پر ایک ادارے کا قیام عمل میں آیا ہے جس کے تحت ابتک ۱۷ مکان بغیر ایک سینٹ سود دیئے خریدے جا چکے ہیں ۔ (صفحہ ۲ پر ملاحظہ کیجئے) ۔ مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ جہاں تک ممکن ہو غیر اسلامی معیشت سے بچیں بلکہ اپنی پوری اجتماعی قوت اس نظام کو بدلنے میں صرف کریں ۔ جہاں تک شدید ضرورت اور حالت مجبوری کا سوال ہے ہماری عقل ناقص میں یہ بات آتی ہے کہ ایسی صورت میں کراہت کے احساس کے ساتھ بقدر ضرورت قرض سود پر لینا قابل معافی ہو سکتا ہے ، بالکل اسی طرح جیسے کہ ایک چلو شراب پی کر یا تھوڑا سا حرام کھا کر جان بچائی جا سکتی ہے ۔!

عزت اور ذلت اللہ کے اختیار میں ہے

القرآن

کہو ! خدایا ! ملک کے مالک ! تو جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے ، جسے چاہے عزت بخشے اور جس کو چاہے ذلیل کر دے ۔ بھلائی تیرے ہی اختیار میں ہے ۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے ۔ رات کو دن میں پروتا ہے اور دن کو رات میں ۔ جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے اور بے جان میں سے جاندار کو ۔ (آل عمران ۲۶ ۔ ۲۷)

بدترین شخص

السنۃ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ " قیامت کے دن سب سے بدتر وہ شخص ہو گا جو فتنہ انگیزی کی خاطر دو منہ رکھے یعنی منافق کی صفت خاصیت رکھتا ہو کہ ایک جماعت کے پاس آتا ہے تو کچھ کہتا ہے اور دوسری جماعت کے پاس آکر ہے تو کچھ کہتا ہے ۔ "
(مسلم ۔ بخاری)

ایک دنیا اور بھی ہے

قلم مادی میں جو جد نبیﷺ کو اگر یہ بتایا جائے کہ ایک دنیا اور بھی ہے ۔ [illegible]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جو فرمایا ہے کہ " اس دنیا میں عالم آخرت کی اشیاء کے صرف نام ہی ہیں " [illegible]

غرور توڑنے کیلئے

امیر المومنین حضرت عمرؓ بن الخطاب پانی کا ایک مشکیزہ کندھے پر اٹھائے لوگوں کے درمیان سے گذر رہے تھے ۔ ان کا ایک نوجوان صاحبزادہ [illegible] اسلامی مملکت کے عظیم المرتبت حکمران کو اس حال میں دیکھا تو تعجب سے پوچھا ۔
ابا جان ! آپ کیا کر رہے ہیں ؟ بھلا آپ پانی کیوں اٹھا رہے ہیں ؟ [illegible] امیر المومنین ؓ نے [illegible] حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا ۔
" میرا نفس مغرور ہو گیا ہے مجھے اس غرور کو توڑنے کے لیے یہ سب کچھ کرنا پڑا ہے ۔ "

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دو قومی نظریہ ہماری رگ حیات ہے

سید انوار احمد بگرامی

دو قومی نظریے کا نام اطرف [illegible] یہ بھی تسلیم کیجئے کہ اس تصیدہ کا ایک بیج [illegible] ۱۹۰۵ء [illegible]

[illegible]


خواتین کا صفحہ

جنت میں عورتوں کی سردار
سیدۃ النساء
بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمۃ الزہرا رض

تحریر: جمیل خان

[illegible]

ہمیں اُن کی تلاش ہے جنھیں
ملازمت کا آغاز کرنا ہے



ہمارے پاس ملازمتیں موجود ہیں۔ ایسے نوجوان مردوں اور عورتوں کے لیے جن کے پاس کام کا تجربہ کم ہے اور ایسے افراد کے لیے جو معذور ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو یہاں کے اصلی باشندوں کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔

اگر آپ کی عمر ۱۵ اور ۲۴ سال کے درمیان ہے، آپ کی تعلیم گریڈ ۱۲ سے کم ہے، آپ اسکول چھوڑ چکے ہیں اور پچھلے ۱۲ ہفتوں سے بے روزگار ہیں تو آپ اِن ملازمتوں کے مستحق ہیں۔

مزید معلومات کے لیے THE JOB BOOK کی کاپی اپنے مقامی یوتھ ایمپلائمنٹ ٹریننگ سنٹر، کینیڈا ایمپلائمنٹ سنٹر یا [illegible] سے حاصل کیجیے۔ یا پھر یوتھ ہاٹ لائن کو درج ذیل نمبر پر کال کیجیے۔ آپ کا کام بن جائے گا۔

Call the Youth Hotline at 1-800-263-7777.

ONTARIO YOUTH OPPORTUNITIES

BILD
ONTARIO Youth Secretariat

جیتی جاگتی زندگی

رشتوں کا لحاظ

میری شادی کو دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ [illegible]

[illegible]

خود مختاری

[illegible]



ادب و ثقافت



غزل

افتخار عارف

پسِ گردِ جادۂ درد نور کا قافلہ بھی تو دیکھئے
جو دلوں سے ہو کے گزر رہا ہے وہ راستہ بھی تو دیکھئے

یہ دھواں جو ہے یہ کہاں کا ہے وہ جو آگ تھی وہ کہاں کی تھی
کبھی راویانِ خبر زدہ پسِ واقعہ بھی تو دیکھئے

وہ جو پتھروں میں چھپی ہوئی ہے شبیہ وہ بھی کمال ہے
وہ جو آئینے میں ہمک رہا ہے وہ معجزہ بھی تو دیکھئے

جو ہوا کے رخ پہ کھلے ہوئے ہیں وہ بادباں تو نظر میں ہیں
وہ جو موجِ خوں سے الجھ رہا ہے وہ حوصلہ بھی تو دیکھئے

یہ گلو گرفتہ و بستۂ رسنِ جفا مرے ہم قلم
کبھی جابروں کے دلوں میں خوفِ مکالمہ بھی تو دیکھئے

میں تو خاک تھا کسی چشمِ ناز میں آ گیا ہوں تو مہر ہوں
مرے مہرباں کبھی اک نظر مرا سلسلہ بھی تو دیکھئے

ان کی شاعری کو نثر نے اور نثر کو شاعری نے ڈبویا ہے

سخن در سخن

دامنِ کوہ

کوہکن کے قلم سے

غالبیات



پاکستان نیشنل سنٹر اسلام آباد کی افتتاحی نشست سے (بجانب دائیں) قدرت اللہ شہاب، سید ضمیر جعفری، عنایت کبریا، آغا ناصر، سیدالدین صدیقی، مظفر ... انعام الحق جاوید اور ... خطاب کر رہے ہیں

آپ کے خطوط

سود

ایڈیٹر صاحب۔ اسلام علیکم

"الہلال" کے پچھلے چند شماروں میں "سود" پر جو بحث چل رہی ہے اس میں ایک بھائی کے خط نے مجھے بھی کچھ لکھنے پر مجبور کر دیا ہے۔ انہوں نے لکھا تھا کہ پہلے جب مکان تیس ہزار ڈالر کا مل جاتا تھا تو ان کے پاس اتنی رقم نہیں تھی اور اب جب انہوں نے رقم جمع کر لی تو مکانوں کی قیمتیں دوگنی سے زیادہ ہو گئیں۔ چنانچہ وہ بغیر سود کے مکان لینے سے اب بھی اتنے ہی قاصر ہیں جتنے کہ پہلے تھے۔ یہ خط بہت سے نیک مسلمان بھائیوں کے جذبات کی صحیح نشاندہی کرتا ہے۔

اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے ٹورانٹو میں چند ہم خیال بھائیوں نے امداد باہمی کے اصول پر ایک ادارہ "اسلامک کو آپریٹیو ہاؤزنگ کارپوریشن لمیٹڈ" کے نام سے قائم کر کے ایک عملی قدم اٹھایا ہے۔ اس وقت پورے کینیڈا میں اس کے ۲۰۷ ممبر ہیں۔ یہ ادارہ اب تک بغیر سود کے ۱۷ مکان ممبروں کو فراہم کر چکا ہے اور اس کا سرمایہ ایک ملین ڈالر سے اوپر جا چکا ہے۔ اس کا طریقۂ کار امداد باہمی اور شراکت پر مبنی ہے۔ یہ ادارہ مکان کے خریدنے کے لیے درکار سرمایہ فراہم کر کے ممبر کے ساتھ اس کے مکان میں معمولی شریک (SLEEPING OR NOMINAL PARTNER) بن جاتا ہے۔ یہ شراکت کا سلسلہ اس وقت تک چلتا رہتا ہے جب تک کہ ممبر مقررہ معیاد پر مکان کا مالک نہ ہو جائے۔ یہ ادارہ اوسطاً ایک مکان ہر ماہ خرید رہا ہے۔ مزید معلومات کے لیے (416) 742-5828 کورون کو صبح اور شام میں (416) 298-8110 پر فون کیا جا سکتا ہے۔

والسلام

——— پرویز نسیم

احمدیت

ایڈیٹر صاحب۔ اسلام علیکم

"الہلال" کے ۱۰ اپریل کے شمارے میں آپ کا اداریہ "احمدیوں سے درخواست" نظر سے گزرا۔ جس انداز سے آپ نے احمدی کی کتابوں کی گندگی اور ان کے عقائد پر مار ہے وہ قابل ستائش ہے۔

اسی موضوع پر قارئین کی دلچسپی کے لیے چند اقتباسات پیش کر رہا ہوں۔

مرزا غلام احمد لکھتے ہیں:

"۔۔۔ میں اپنی نسبت نبی یا رسول کے نام سے کیونکر انکار کر سکتا ہوں اور جبکہ خود خدا تعالیٰ نے یہ نام میرے رکھے ہیں تو میں کیونکر رد کروں۔۔۔"

(اشتہار ایک غلطی کا ازالہ مندرجہ حقیقۃ النبوۃ)

"۔۔۔ میں رسول بھی ہوں اور نبی بھی ہوں۔۔۔"

(اشتہار مذکورہ بالا صفحہ ۲۷)

چلو کہ مسئلہ پر فرماتے ہیں:

"۔۔۔ میں جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مسیح موعود ہوں، خدا نے مجھے یہ حکم بھیج دیا کہ میں چلو

کروں اور دین کے لیے لڑائیاں کروں۔۔۔"

(تتمہ حقیقۃ الوحی صفحہ ۲۵)

"۔۔۔ یہ بات تو بہت اچھی ہے کہ گورنمنٹ برطانیہ کی مدد کی جائے اور جہاد کے خراب مسئلہ کے خیال کو دلوں سے مٹایا جائے۔۔۔"

(اعجاز احمدی صفحہ ۳۰)

خدائی مرتبہ: "۔۔۔ اے مرزا تیرا یہ مرتبہ ہے کہ تو جس بات کا ارادہ کرتا ہے وہ تیرے حکم سے ہو جاتی ہے۔ یعنی خدائی مرتبہ حاصل ہے۔۔۔"

(حقیقۃ الوحی، اربعین صفحہ ۹۵)

"۔۔۔ اللہ کی قسم میں بہت عرصہ سے جانتا تھا کہ مجھ کو مسیح ابن مریم بنایا گیا ہے اور میں ان کی جگہ پر نازل ہوا ہوں۔ لیکن میں تاویل کر کے چھپاتا رہا بلکہ میں نے اپنا عقیدہ نہیں بدلا اور اس پر تمسک کرتا رہا اور اس وعدے کے اظہار میں میں نے دس برس توقف کیا۔۔۔"

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ آپ کے ادارے کی خوشی کا پیالہ چھڑا کر تقسیم کریں۔

——— اقبال یونس خان



عمر چوہدری

لیم رشی کو جو ٹنے والے اونٹاریو کے صوبائی انتخابات میں عمر چوہدری لبرل پارٹی کی جانب سے الیسٹ پارک میں انتخاب لڑ رہے ہیں۔

۵۸ سالہ عمر چوہدری بیس سال پہلے کراچی پاکستان سے یہاں آئے۔ وہ پہلے پاکستانی ہیں جنہوں نے کینیڈا میں کسی صوبائی یا وفاقی انتخابات میں حصہ لیا ہے۔

شامِ اقبال

۲۷ اپریل کو ٹورانٹو میں "شامِ اقبال" کے نام سے ایک پروگرام کیا جا رہا ہے جس میں علامہ اقبال کی شخصیت اور شاعری پر مقالے پڑھے جائیں گے اور علامہ اقبال پر لکھی ہوئی کتابوں کی نمائش ہوگی۔ داخلہ مفت ہے۔ مزید معلومات کے لیے ذیل کے نمبر پر جاوید عالم کو فون کیجیے:

461-8559

کرکٹ کنٹرول بورڈ کی مکمل اوور ہالنگ کی جائے: کاردار

موجودہ منتظمین ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے جنہوں نے کبھی بچپن میں بھی بلے کو ہاتھ نہیں لگایا

لاہور —— سابق ٹیسٹ کرکٹ کپتان اور کرکٹ کنٹرول بورڈ کے سابق سربراہ عبدالحفیظ کاردار نے کنٹرول بورڈ کی مکمل اوور ہالنگ کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ [illegible]



معافی مانگنے پر میرے خلاف کارروائی ختم ہو سکتی تھی۔ عبدالقادر

لاہور —— ٹیسٹ کرکٹر عبدالقادر نے کہا ہے کہ [illegible]

گلاس توڑنے والے فنکار محکمہ موسیقی کے پاس ہونے چاہئیں۔ طاہرہ سید

لاہور (ہمدم نیوز) گلوکارہ طاہرہ سید نے کہا ہے کہ [illegible]



[illegible]

مبارکباد دینے والوں کا ہجوم

لاہور (رپورٹر نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات جاوید جبار [illegible]

[illegible]

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ: صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے:

ADVERTISEMENT NO.....
C/O AL-HILAL
338 MULLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

★★★

اشتہار نمبر (۱۹): شریف خاندان کی تعلیم یافتہ سنی مسلمان ۲۳ سالہ لڑکی کے لیے ۲۵ تا ۳۰ سالہ سنی پروفیشنل کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پہلے ہی خط میں اپنا فون نمبر اور تصویر بھیجیں۔

★

اشتہار نمبر (۲۰): ۳۵ سالہ پاکستانی سنی مسلمان، کمپیوٹر میں پروفیشنل امیگرنٹ کے لیے ۲۴ تا ۳۰ سالہ تعلیم یافتہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے ٹیلی فون نمبر کے ساتھ خط لکھیں۔

★★★

کراچی سے انسٹرکی ہیوی، ٹورانٹو کی گریڈ ۱۳ کی طالبہ، ۲۱ سالہ کینیڈین سیٹیزن، تعلق یو۔پی کے لیے پاکستانی پروفیشنل لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی مشرقی گھرانے کی اور نماز کی پابند ہے۔ لڑکے کا بھی ان خصوصیات کا حامل ہونا ضروری ہے۔ تصویر کے ساتھ جلد کوائف پتہ ذیل پر بھیجئے:

C/O MR. S. A.
71 THORNCLIFFE PK. DR.
APT. # 1108
TORONTO ONT.
M4H 1L3

★★★

کمپیوٹر میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے، اسسٹنٹ مینیجر، ۲۹ سالہ لڑکے کے لیے ٹورانٹو میں موجود نیک مسلمان، پڑھی لکھی لڑکی کا مناسب رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اکبر علی کو اس نمبر پر فون کریں:

445-1272

★★★

کپڑوں کی سلائی

شلوار قمیص، کرتا پاجامہ اور بچوں کے کپڑوں کی ماہرانہ سلوائی مناسب اجرت پر کی جاتی ہے۔ معلومات کے لیے سہ پہر کے بعد فون کیجیے:

429-0068

غیر ممالک سے واپس آنے والے پاکستانی زر مبادلہ میں دو سال تک بینک اکاؤنٹ رکھ سکیں گے ایک ہزار ڈالر تک کے غیر ملکی بینک ڈرافٹ انتظار کیے بغیر کیش

پاکستانیوں کی غیر ملکی رقوم کی ادائیگی میں تاخیر کی چھان بین ہوگی

زرمبادلہ کی قیمتوں میں کمی کی جائے گی : وزیر خزانہ محبوب الحق

برآمدات کے فروغ کے لئے متعدد مراعات کا اعلان

نیلا انقلاب ضبط

بلوچستان کابینہ میں توسیع ہوگی

City of Toronto

Daylight Saving Time

۲۸ اپریل سے ۲۷ اکتوبر ۱۹۸۵ء تک

عزت مآب میئر کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ ٹورانٹو شہر میں اس سال دن کی روشنی کی بچت کے لیے وقت کی تبدیلی اتوار ۲۸ اپریل صبح کے ۲ بجے سے عمل میں آئے گی اور اتوار ۲۷ اکتوبر کے صبح ۲ بجے تک جاری رہے گی۔

اس لیے گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے کر لینا چاہیئے۔

Roy V. Henderson
City Clerk

حادثہ کیسے ہوا؟

حادثہ کے بعد

کیا کچھ ہوا؟

کراچی میں ہنگاموں کی تفصیلات




fortnightly **al-Hilal** Vol.14 No.3 April 25, 1985 50 ¢
Ph: (416) 474-9293, 493-4374
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

ہمارے عوام کو بنیادی حقوق بھی حاصل نہیں جو انگریزوں کے دور میں تھے، اصغر خان

جب تک استحصالی طبقہ کو ختم نہیں کیا جاتا عوام کیلئے انسانی اور شہری حقوق حاصل کرنا ممکن نہیں ہوگا

صدر ضیاء سے ملاقات میں گورباچوف نے افغان مسئلہ پر سخت کلمات ادا کئے تھے، آرماکوسٹ

پاکستان کیلئے روسی امداد اسے روس کے دباؤ کا مقابلہ کرنے کے قابل بنائیگی



نواز شریف

نواز شریف نے پنجاب وزارت اعلیٰ کا حلف اٹھالیا

ہم جمہوریت کے پرچم کو کبھی سرنگوں نہیں ہونے دیں گے، بینظیر بھٹو

عوام سے ہمارا خون کا رشتہ ہے، فوجی آمروں سے ہمارا رشتہ دشمنی کا ہو سکتا ہے۔ دوستی کبھی نہیں

برمنگھم میں بھٹو کی برسی پر تقریر، سندھ بلوچ پختون فرنٹ سے اظہار لاتعلقی

صدر پاکستان دنیا کے سب سے بااختیار صدر ہو گئے ہیں، شیر باز مزاری

وقت ثابت کریگا کہ ایم آر ڈی نے انتخابات کا بائیکاٹ صحیح کیا تھا

سیاستدان صاف دیرست نہیں ہے احتیاط وزیر اعظم سے مذاکرات نہیں ہو سکتے





ضیاء عالم جناب سے بات چیت کر رہے ہیں

پاکستان میں گندم کی پیداوار میں کمی واقع ہو گئی

ملکی ضروریات پوری کرنے کیلئے بارہ لاکھ ٹن گندم درآمد کرنا ہوگی



راجہ ظفر الحق مصر میں پاکستان کے سفیر ہونگے

پاکستان امریکہ سے خریدے گئے ۱۶ طیارے، کوبرا ہیلی کاپٹر، ٹینک شکن میزائل اور توپ خانہ حاصل کریگا

اپنی وزارت کو بحالی کی ہدایت

Managing Editor: M Lateef Owaisi